# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیۂ عربی و علومِ اسلامیہ

## (شعبہ مطالعات بین المذاہب)

**کورس کا نام: مطالعہ مذاہب عالم میں مسلمانوں کا منہج و اسلوب(4956)** **سمسٹر: خزاں، 2026ء**

**سطح: بی ایس علوم اسلامیہ** **کریڈٹ: 3**

## ہدایات برائے طلبہ

**عزیز طلبہ ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ**

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔ آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆ یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے، اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔
2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔
3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفانہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔
4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔
5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لیے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔
6. عربی عبارات کے لیے عربی فونٹ استعمال کیجیے۔
7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔
8. جواب لکھنے کے بعد نظرِ ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیثِ نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابلِ قبول ہیں۔
9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF) فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو، میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں)

☆کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔
☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
کورس رابطہ کار
عثمان علی شیخ
لیکچرر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:**

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یاچوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزادی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| **کورس: مطالعہ مذاہب عالم میں مسلمانوں کا منہج واسلوب (4956)**<br>**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ)** | **سمسٹر: خزاں، 2026ء**<br>**کریڈٹ: 3** |

| | | |
|---|---|---|
| کل نمبر: 100 | **امتحانی مشق نمبر 1**<br>**(یونٹ نمبر 1–4)** | کامیابی کے نمبر: 50 |

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر 1۔ | مطالعہ مذاہب کے قرآنی اصولوں کی وضاحت کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر 2۔ | قرون وسطی کی کتب سیر، تاریخ اور تصوف میں مطالعہ مذاہب کے مباحث پر نوٹ لکھیں۔ | (20) |
| سوال نمبر 3۔ | مسلم علماء کے مطالعہ ادیان کے متنوع مناہج کا جائزہ پیش کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر 4۔ | علامہ عبد الکریم شہرستانی کا تعارف کرائیں اور مطالعہ ادیان میں ان کی خدمات کا جائزہ لیں۔ | (20) |
| سوال نمبر 5۔ | دبستان مذاہب کے اسلوب پر نوٹ لکھیں۔ | (20) |

| | | |
|---|---|---|
| | **امتحانی مشق نمبر2** | |
| کل نمبر:100 | **(یونٹ نمبر5-9)** | کامیابی کے نمبر:50 |

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر1۔ | علامہ ابن حزم کے مطالعہ یہودیت کے منہج پر سیر حاصل بحث کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر2۔ | علامہ عبد الکریم شہرستانی نے اپنی کتاب الملل والنحل میں یہود کے فرقوں کی تفصیل بیان کی ہے۔اس کا اجمالی جائزہ تحریر کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر3۔ | سر سید احمد خان کی مسیحیت شناسی پر نوٹ لکھیں۔ | (20) |
| سوال نمبر4۔ | دبستان مذاہب میں مطالعہ بدھ مت کے اہم نکات کی وضاحت کریں۔ | (20) |
| سوال نمبر5۔ | المسعودی کے مطالعہ ہندومت کے اسلوب و منہج پر نوٹ قلم بند کریں۔ | (20) |